Noble Quran القُرآن الحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) اردو ترجمہ بمعہ عربی (حضرت شاہ عبدِالقادر)

سورۃ النّازعات

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَٱلنَّـٰزِعَـٰتِ غَرۡقًا قسم ہے (ان فرشتوں کی) گھسیٹ لانے والوں کی (روح کو)، ڈوب کر۔	.1
وَٱلنَّـٰشِطَـٰتِ نَشۡطًا اور بند چھڑا دینے والوں (فرشتوں) کی، کھول کر۔	.2
وَٱلسَّـٰبِحَـٰتِ سَبۡحًا اور پیرنے (تیرنے) والوں کی پیرنے (تیرنے) پر۔	.3
فَٱلسَّـٰبِقَـٰتِ سَبۡقًا پھر آگے بڑھتے (سبقت لے جاتے) دوڑ کر۔	.4
فَٱلۡمُدَبِّرَٲتِ أَمۡرًا پھر کام بتاتے حکم (احکام الٰہی) سے۔	.5

يَوۡمَ تَرۡجُفُ ٱلرَّاجِفَةُ جس دن کانپے کانپنے والی (زمین)،	.6
تَتۡبَعُهَا ٱلرَّادِفَةُ اس کے پیچھے دوسری (دوسرا جھٹکا)۔	.7
قُلُوبٌ يَوۡمَئِذٍ وَاجِفَةٌ کتنے دل اس دن دھڑکتے ہیں۔	.8
أَبۡصَٰرُهَا خَٰشِعَةٌ ان کے تیور خوفزدہ ہیں۔	.9
يَقُولُونَ أَءِنَّا لَمَرۡدُودُونَ فِي ٱلۡحَافِرَةِ لوگ کہتے ہیں: کیا ہم پھر آئیں گے اُلٹے پاؤں (پہلی حالت میں)؟	.10
أَءِذَا كُنَّا عِظَٰمًا نَّخِرَةً کیا جب ہو چکیں ہم ہڈیاں کھوکھری (کھوکھلی)؟	.11
قَالُواْ تِلۡكَ إِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ بولے تو تو یہ پھر آنا ٹوٹا (خسارہ) ہے۔	.12
فَإِنَّمَا هِيَ زَجۡرَةٌ وَٰحِدَةٌ سو وہ تو ایک جھڑکی (ڈانٹ) ہے۔	.13

.14	فَإِذَا هُم بِٱلسَّاهِرَةِ پھر تبھی وہ آرہے میدان (حشر) میں۔
.15	هَلۡ أَتَىٰكَ حَدِيثُ مُوسَىٰٓ کچھ پہنچی ہے تجھ کو بات موسیٰ کی؟
.16	إِذۡ نَادَىٰهُ رَبُّهُۥ بِٱلۡوَادِ ٱلۡمُقَدَّسِ طُوًى جب پکارا اس کو اس کے رب نے پاک میدان میں جس کا نام طویٰ۔
.17	ٱذۡهَبۡ إِلَىٰ فِرۡعَوۡنَ إِنَّهُۥ طَغَىٰ جا فرعون پاس، اس نے سر اٹھایا (سرکش ہوا)۔
.18	فَقُلۡ هَل لَّكَ إِلَىٰٓ أَن تَزَكَّىٰ پھر کہہ، تیرا جی چاہتا ہے کہ تو سنورے؟
.19	وَأَهۡدِيَكَ إِلَىٰ رَبِّكَ فَتَخۡشَىٰ اور راہ بتاؤں تجھ کو تیرے رب کی طرف، پھر تجھ کو ڈر ہو (اس کا)۔
.20	فَأَرَىٰهُ ٱلۡأٓيَةَ ٱلۡكُبۡرَىٰ پھر دکھائی اس کو وہ بڑی نشانی۔
.21	فَكَذَّبَ وَعَصَىٰ پھر جھٹلایا اور نہ مانا،

ثُمَّ أَدۡبَرَ يَسۡعَىٰ پھر چلا پیٹھ پھیر کر تلاش کرتا،	.22
فَحَشَرَ فَنَادَىٰ پھر سب کو جمع کیا، پھر پکارا۔	.23
فَقَالَ أَنَا۠ رَبُّكُمُ ٱلۡأَعۡلَىٰ تو کہا، میں ہوں رب تمہارا سب سے اوپر۔	.24
فَأَخَذَهُ ٱللَّهُ نَكَالَ ٱلۡأٓخِرَةِ وَٱلۡأُولَىٰٓ پھر پکڑا اس کو اللہ نے، سزا میں پچھلی (آخرت) کے اور پہلی (دنیا) کے۔	.25
إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَعِبۡرَةً لِّمَن يَخۡشَىٰٓ بیشک اس میں سوچ کی جگہ (سامان عبرت) ہے، جس کو ڈر ہے (اللہ کا)۔	.26
ءَأَنتُمۡ أَشَدُّ خَلۡقًا أَمِ ٱلسَّمَآءُ ۚ کیا تم مشکل ہو بنانے یا آسمان؟ بَنَىٰهَا اُس (اللہ) نے وہ بنایا،	.27
رَفَعَ سَمۡكَهَا فَسَوَّىٰهَا اُونچی کی اس کی بلندی، پھر اس کو صاف (توازن) کیا۔	.28

وَأَغۡطَشَ لَيۡلَهَا وَأَخۡرَجَ ضُحَىٰهَا اور اندھیری کی رات اس کی، اور کھول نکالی اس کی دھوپ (دن)،	.29
وَٱلۡأَرۡضَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ دَحَىٰهَآ اور زمین کو اس پیچھے صاف (ہموار) بچھایا۔	.30
أَخۡرَجَ مِنۡهَا مَآءَهَا وَمَرۡعَىٰهَا نکالا اس سے اس کا پانی اور چارہ،	.31
وَٱلۡجِبَالَ أَرۡسَىٰهَا اور پہاڑوں کو بوجھ (زمین کا لنگر) رکھا،	.32
مَتَٰعًا لَّكُمۡ وَلِأَنۡعَٰمِكُمۡ کام چلانے کو تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے۔	.33
فَإِذَا جَآءَتِ ٱلطَّآمَّةُ ٱلۡكُبۡرَىٰ پھر جب آئے وہ بڑا ہنگامہ (آفت)،	.34
يَوۡمَ يَتَذَكَّرُ ٱلۡإِنسَٰنُ مَا سَعَىٰ جس دن یاد کرے آدمی جو کمایا،	.35
وَبُرِّزَتِ ٱلۡجَحِيمُ لِمَن يَرَىٰ اور نکال رکھی (دکھائی جائے) دوزخ، جو چاہے دیکھے۔	.36

.37	فَأَمَّا مَن طَغَىٰ سو جس نے شرارت (سرکشی) کی،
.38	وَءَاثَرَ ٱلْحَيَوٰةَ ٱلدُّنْيَا اور بہتر سمجھا دنیا کا جینا،
.39	فَإِنَّ ٱلْجَحِيمَ هِيَ ٱلْمَأْوَىٰ سو دوزخ ہی ہے ٹھکانا (اس کا)۔
.40	وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِۦ وَنَهَى ٱلنَّفْسَ عَنِ ٱلْهَوَىٰ اور جو کوئی ڈرا اپنے رب پاس کھڑے ہونے سے، اور روکا جی کو چاؤ (خواہشات) سے،
.41	فَإِنَّ ٱلْجَنَّةَ هِيَ ٱلْمَأْوَىٰ سو (بیشک) بہشت ہی ہے ٹھکانا۔
.42	يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ ٱلسَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَىٰهَا تجھ سے پوچھتے ہیں، وہ گھڑی کب ہے، ٹھہراؤ (وقوع) اس کا؟
.43	فِيمَ أَنتَ مِن ذِكْرَىٰهَآ تو کس بات میں (کیا سروکار) ہے اس کے مذکور (ذکر) سے؟
.44	إِلَىٰ رَبِّكَ مُنتَهَىٰهَآ تیرے رب تک ہے پہنچ اس کی (علم قیامت کا)۔

إِنَّمَآ أَنتَ مُنذِرُ مَن يَخۡشَىٰهَا تُو تو ڈر سنانے کو ہے، اس کو جو اس (قیامت) سے ڈرتا ہے۔	.45
كَأَنَّهُمۡ يَوۡمَ يَرَوۡنَهَا لَمۡ يَلۡبَثُوٓاْ إِلَّا عَشِيَّةً أَوۡ ضُحَىٰهَا ایسا لگے گا جس دن دیکھیں گے اس کو (قیامت)، کہ دیر نہیں لگی (دنیاوی زندگی) ان کو، مگر ایک شام یا صبح اس کی۔ *********	.46

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com
Email:
quran4u_com@yahoo.com